ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (574)

29.10.2023

## بہاولپور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی،بعدازاں سیکیورٹی سکینینگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے مو?ثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او سید محمد عباس نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں،کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں،معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے،غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات،ملکی صورتحال کے پیش نظر ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں پر پولیس افسران وجوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں،جبکہ ڈی ایس پی سٹی سرکل ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں کو ڈیوٹی کے متعلق بریف کررہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (575)

مورخہ 29.10.23

**بہاولپور(            )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سٹی یزمان پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی ڈکیتی، نقب زنی اور سرقہ مویشی کی متعدد وارداتوں میں ملوث بگا گینگ کے 06 کارندے گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ ونقدی رقم برآمد، ملزم چاہے کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی زیر کمانڈ بہاولپور پولیس کو کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی یزمان نے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر جدید ٹیکنالوجی اور روائیتی طرقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے ڈکیتی، نقب زنی اور سرقہ مویشی کی متعدد وارداتوں میں ملوث بگا گینگ کے 06 ملزمان آفتاب علی عرف ملنگ، شاہد حسین، محمد شاہد، عمران، سجاد عرف مٹھو اور محمد نذیر عرف کالا کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 06 لاکھ روپے نقدی، 08 راس بکریاں، 02 راس گائے اور 02 عدد موٹر سائیکل کل مالیتی 16 / 17 لاکھ روپے برآمد کر لئے گئے۔ گرفتار ملزمان سے مزید انٹیروگیشن جاری ہے اور گینگ کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاریوں کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ریکورشدہ مال مسروقہ ونقد رقم ضروری کارروائی کے بعد اصل مالکان کے حوالے کی جا رہی ہے۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں گی اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ اس کامیاب کارروائی پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ایس ایچ او تھانہ سٹی یزمان اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سٹی یزمان کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی ڈکیتی، نقب زنی اور سرقہ مویشی کی متعدد وارداتوں میں ملوث بگا گینگ کے 06 کارندے گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ ونقد رقم برآمد